پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

19/جون،2015

ہندی اور دوسری ہندوستانی زبانیں بینکرس اور کسٹمرس (صارف) کے درمیان ایک پل کا کام کرسکتی ہیں: ڈاکٹر رگھورام جی راجن، گورنر ریزروبینک آف انڈیا 19، جون، 2015

فوٹوگرافس

ابھی حال میں بہت سے ایسے واقعات پیش آئے ہیں جبکہ جھوٹی اسکیموں کی لالچ میں پھنس کر غریب عوام نے اپنی رقم لٹوادی۔ کبھی کبھی تو ان اسکیموں میں پھنس کر کچھ لوگ اپنی پوری زندگی کی کمائی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ یہ بھارت سرکار اور بینکنگ سیکٹر کی ذمہ داری ہے کہ جن کے پاس رقم ہے لیکن وہ بینکنگ چینل سے زبان نہ جاننے کی وجہ سے استفادہ حاصل نہیں کرسکتے تو ان کو بینکنگ سہولیات فراہم کی جائیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم مالیاتی معلومات ایسے لوگوں کو ان کی ہی زبان میں بتانے کا انتظام کریں ان کوششوں کے لئے ہندی اور دوسری ہندوستانی زبانیں بینکر اور کسٹمر کے درمیان ''پل'' کا کام کرسکتی ہیں۔
ڈاکٹر رگھورام جی راجن، گورنر، ریزروبینک آف انڈیا نے ممبئی میں یہ باتیں کہیں انھوں نے 14-2013 کے لئے راج بھاشا شیلڈ جیتنے والی بینکوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہیں۔

شری ایس ایس مُندرا، ڈپٹی گورنر، ریزروبینک آف انڈیا نے شیلڈ جیتنے والی بینکوں اور مالیاتی اداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اب بینکنگ میں تیزی سے بدلاؤ ہو رہا ہے۔ یہ سیکٹر اینٹ اور مارٹر برانچوں سے آگے بڑھ گیا ہے اور کمپیوٹر بینکنگ آج موبائل بینکنگ ہوگئی ہے اس بات کی کوشش کی جارہی ہے کہ بینکنگ رابطوں کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک بینکنگ سہولیات پہونچائی جائیں، اب بینکنگ کا دائرہ کافی بڑھ گیا ہے اس سے جڑے ہوئے نئے نئے معاملات بھی بدل رہے ہیں، ترقی یافتہ تکنیک کے دور میں بینکنگ سے متعلق نئے نئے معاملات آرہے ہیں جو سب سے بڑا خطرہ ہیں۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے صارفین کو ان خطرات سے نپٹنے کے لئے سائبر سیکوریٹی کے بارے میں باخبر کریں اور بتائیں اس تکنیک کے استعمال میں بہت ہوشیار رہنا ہوگا۔ مجھے امید ہے کہ ہندی اور دوسری ہندوستانی زبانیں اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ہماری مددگار ہوں گی۔
شری کے، کے، ووہرا ایکزیکیٹیو ڈائریکٹر، ریزروبینک آف انڈیا نے بینکوں اور مالیاتی اداروں کے چیف ایکزیکیوٹوز کا استقبال کیا اور شریمتی سریکھا مرانڈی چیف جنرل منیجر (راج بھاشا) نے شکریہ ادا کیا اس فنکشن (جلسہ) میں بینکوں اور مالیاتی اداروں کے چیرمین اور دوسرے سینئر ایکزیکیوٹو شامل ہوئے۔

پریس ریلیز:2699/2014-2015

سنگیتا داس
ڈائریکٹر